فوری ریلیز کے لیے: 10/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کے سمندری ممالیہ جانوروں کے تحفظ اور کشتی چلانے والوں کی حفاظت میں اضافے کے لیے نیو یارک وہیل آگاہی ایکٹ پر دستخط

یہ سمندری ممالیہ جانوروں کے تحفظ کو ریاستی کشتی چلانے والوں کے تحفظ کے کورسز میں ضم کرتا ہے، نیز ضروری تدریسی مواد تخلیق کرتا ہے

گورنر کی جانب سے نیو یارک وہیل آگاہی ایکٹ پر دستخط کرنے کی تصاویر یہاں موجود ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے نیو یارک وہیل آگاہی ایکٹ (New York Whale Awareness Act (A.8515A/S.2292B))) پر دستخط کرتے ہوئے اسے قانون کا درجہ دے دیا ہے جو محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation, DEC) کو جامع تدریسی رہنما خطوط اور ایسی سفارشات تیار کرنے کی ہدایت کرتا ہے کہ جن کا مقصد سمندری ممالیہ جانوروں سے مڈ بھیڑ کو کم سے کم کرنا اور نیو یارک کے پانیوں میں جہازوں سے ٹکراؤ کا تدارک ہے۔

"نیو یارک کے بحری پانی گزشتہ کئی دہائیوں کی نسبت زیادہ صاف اور زیادہ زندگی سے بھرپور ہو چکے ہیں، جس کے باعث سمندری حیات غیرمعمولی طور پر ہمارے ساحلوں کی جانب واپس کھنچی چلی آ رہی ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "لیکن ملک کے مصروف ترین خطوں میں سے ایک میں زیادہ بڑی تعداد میں وہیلز کی موجودگی کشتی چلانے والوں، نیز سمندری ممالیہ جانوروں کی آبادی، دونوں کے لیے سنگین خطرات پیدا کرتی ہے۔ نیو یارک وہیل آگاہی ایکٹ یہ یقینی بناتا ہے کہ ہماری ریاست کی آبی گزرگاہوں سے لطف اٹھانے والے ہر ایک فرد کے پاس وہ وسائل اور علم موجود ہو جو محفوظ طور پر کشتی رانی کرنے، خطرناک تصادم سے گریز اور ان خصوصی مخلوقات کے تحفظ کے لیے مطلوب ہے۔"

یہ قانون وہیل سے محفوظ کشتی رانی سے متعلق تعلیم کو ریاست کے کشتی چلانے والوں کے تحفظ کے موجودہ کورسز اور کشتیوں کی رجسٹریشن کے عمل میں ضم کرتا ہے۔ یہ اقدام جو کشتی چلانے والوں کو بہترین طریقہ عمل، نیز تصادم کے تدارک کی تکنیکوں سے لیس کرتا ہے، کا مقصد یہ ہے کہ کشتی رانی کی محفوظ تر عادات کی حوصلہ افزائی کی جائے اور سمندری حیات جس میں ہمپ بیک وہیلز (humpback whales) اور شدید خطرے سے دوچار نارتھ اٹلانٹک رائٹ وہیل شامل ہیں، ان میں حادثاتی چوٹوں اور اموات کا تدارک کیا جائے۔

نیو یارک کی ساحلی پٹی پر وہیل دکھائی دینے کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے، جو کشتی چلانے والوں کو آگاہی فراہم کرنے کی بروقت ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی نیو یارک کے مقامی پانیوں میں سرمایہ کاری اور بحالی، نیز ماہی گیری کے انتظام کو بہتر بنانے کے لیے کوششوں کا نتیجہ مچھلیوں کی پھلتی پھولتی آبادیوں کی صورت میں نکلا ہے، جس کے نتیجے میں ریاستی آبی گزرگاہوں میں مزید وہیل مچھلیاں واپس آنا شروع ہوئی ہیں۔ وہیل مچھلیوں کی تعداد میں اضافے کے باعث یہ ازحد ضروری ہے کہ کشتی چلانے والوں کو مناسب آگہی فراہم کی جائے تاکہ ہماری سمندری جنگلی حیات کا تحفظ کیا جا سکے۔

محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کی کمشنر Amanda Lefton (امانڈہ لیفٹن) نے کہا، "تحفظ اور پانی کے معیار کے لیے اختیار کیے گئے اقدامات کے نتیجے میں، ہم نے اپنے پانیوں میں سمندری حیات کی دوبارہ بحالی کا مشاہدہ کیا

ہے اور وہیل مچھلیاں اسی ایکو سسٹم کا ایک بنیادی حصہ ہیں۔ DEC گورنر Hochul (ہوکل) کا نیو یارک وہیل آگاہی ایکٹ پر دستخط کر کے اسے قانون کا درجہ دینے پر مشکور ہے، جس کا مقصد جہازوں سے ٹکراؤ کے بارے میں عوامی رابطہ کاری اور آگاہی کو تقویت دینا اور ایسی عملی رہنما ہدایات وضع کرنا ہے جو کشتی چلانے والوں کو ہمارے پانیوں میں وہیلز کے ساتھ محفوظ طور پر سفر کرنے میں مدد دیں۔ تحفظ اور عوامی آگاہی کو یکجا کرتے ہوئے، ہم ان غیرمعمولی جانوروں کے تحفظ کے لیے اہم اقدامات کر رہے ہیں جبکہ ساتھ ہی یہ بھی یقینی بنا رہے ہیں کہ نیو یارک کے ساحلی پانی جنگلی حیات اور ان سے لطف اٹھانے والے نیو یارک کے شہریوں کے لیے محفوظ اور پائیدار رہتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے پارکس، تفریح اور تحفظ تاریخ کی کمشنر Kathy Moser (کیتھی موزر) نے کہا، "نیو یارک کی آبی گزرگاہوں کے تحفظ اور انہیں محفوظ بنانے کے حوالے سے گورنر Hochul (ہوکل) کے عزم نے زیادہ صحت مند سمندری ایکو سسٹمز تخلیق کرنے میں مدد دی ہے اور ہماری ساحلی پٹیوں پر مہاجر وہیلز اور دیگر سمندری ممالیہ جانوروں کی واپسی میں کردار ادا کیا ہے۔ جیسا کہ ان غیرمعمولی جانوروں کا دکھائی دینا اب زیادہ عام ہوتا جا رہا ہے، ایسے میں یہ امر انتہائی اہم ہے کہ کشتی چلانے والے یہ جانتے ہوں کہ ان کی موجودگی میں مناسب اور محفوظ طریقے سے کشتی رانی کیسے کی جائے۔ نیو یارک کے کشتی رانی کے حفاظتی کورسز میں وہیلز کے حوالے سے محفوظ کشتی رانی کی رہنمائی شامل کر کے، ہم تفریحی کشتی رانی کرنے والوں کو جنگلی حیات کے تحفظ، اپنی اور اپنے مسافروں کی حفاظت، اور ذمہ داری کے ساتھ ہمارے پانیوں سے لطف اندوز ہونے میں مدد دے رہے ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Pete Harckham (پیٹ ہارکہیم) نے کہا، "ہم نے نیو یارک کے ساحلی پانیوں میں جہازوں کی ٹکر سے وہیل مچھلیوں کی اموات میں نمایاں اضافہ دیکھا ہے، اور ہماری یہ ذمہ داری ہے کہ ہم ان غیرمعمولی ممالیہ جانوروں کا تحفظ کریں جو ہمارے سمندری ماحولیاتی نظام کی صحت کے لیے نہایت اہم ہیں۔ وہیل آگاہی ایکٹ ان قابل گریز حادثات کے تدارک میں مدد دے گا اور اس کے لیے وہ یہ یقینی بنائے گا کہ کشتی چلانے والوں کے پاس سمندری حیات کے قریب، ذمہ داری اور محفوظ طریقے سے کشتی رانی کرنے کے لیے مطلوب معلومات موجود ہوں۔ میں اس اہم قانون سازی پر دستخط کرتے ہوئے قانون کا حصہ بنانے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا اور اس اقدام کو مقننہ کے ذریعے آگے بڑھانے کے لیے شراکت داری قائم کرنے پر رکن اسمبلی Kassay (کیسے) کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

رکن اسمبلی Rebecca Kassay (ربیکا کیسے) نے کہا، "نیو یارک کی ساحلی پٹی پر وہیلز اور دیگر سمندری ممالیہ جانوروں کی واپسی اس پیش رفت کا ثبوت ہے جو کہ ہم نے گزشتہ نصف صدی کے دوران اپنے سمندری ماحول کی بحالی اور تحفظ کے سلسلے میں کی ہے۔ جیسے جیسے ان حیرت انگیز جانوروں کا دکھائی دینا عام ہوتا جا رہا ہے، ریاست نیو یارک کشتی چلانے والوں کو وہ ضروری معلومات اور آگاہی فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے جن کی مدد سے وہ ہماری آبی گزرگاہوں میں ان کے ساتھ محفوظ طور پر رہ سکتے ہیں۔ وہیل آگاہی ایکٹ، وہیل سے حفاظت کی رہنمائی کو کشتی رانی میں حفاظت کے دستیاب کورسز اور جہازوں کی رجسٹریشن کے مواد میں شامل کر کے تعلیم و آگاہی کو اوّلین ترجیح دینے والا ایک عملی طریقہ اختیار کرتا ہے۔ اس قانون سازی پر دستخط کرنے پر اور ہماری سمندری جنگلی حیات کے تحفظ، اور ہماری آبی گزرگاہوں کو کشتی چلانے والوں اور جانوروں دونوں کے لیے یکساں طور پر محفوظ رکھنے کے سلسلے میں نیو یارک کے عزم کی تائیدِنو پر میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

رکن اسمبلی Tommy John Schiavoni (ٹومی جان اسکیاوونی) نے کہا، "گورنر (ہوکل) کی قیادت میں ریاست نیو یارک ایک بار پھر سے ہمارے قدرتی ماحول کی بحالی اور تحفظ کے سفر میں مثال قائم کر رہا ہے۔ بحراوقیانوس پر موجود ہماری ساحلی پٹی ایک قیمتی وسیلہ ہے جو اضافی توجہ کی حقدار ہے، اور پالیسی سازوں اور مقامی شراکت داروں کی دہائیوں پر محیط محنت کی بدولت، ہمارے بحری پانی اس سے زیادہ صاف کبھی نہیں رہے، اور ہمارے مچھلیوں کے ذخائر میں ہر گزرتے سال کے ساتھ بہتری آ رہی ہے، جس کے نتیجے میں وہیلز کے دکھائی دینے کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ وہیل آگاہی ایکٹ کا شریک اسپانسر ہونے کے ناطے، مجھے اس اقدام کی معاونت پر فخر ہے جو کہ سمندری حیات کے ساتھ زیادہ محفوظ تعاملات کو یقینی بنائے گا اور پانی میں موجود ہر ایک وجود کی حفاظت کرے گا۔"

سافک کاؤنٹی کی قانون ساز Ann Welker (این واکر) نے کہا، "ہمارا خطہ ہمارے سمندری پانیوں کے ساتھ اور اس میں رہنے والی سمندری حیات کے ساتھ گہرا تعلق رکھتا ہے۔ ہماری ثقافت، ہمارا ورثہ اور ہمارے ذرائع معاش بحراوقیانوس کے تانے بانے میں پروئے ہوئے ہیں۔ سمندری تحفظ اور سمندری حیات کے ساتھ تعامل کے حوالے سے تعلیم اور آگاہی فراہم کرنے والی یہ قانون سازی ہماری کمیونٹیز کے لیے فائدہ مند ہو گی، کیونکہ ہم اپنے قدرتی ماحول کو استعمال کرنے، اس کے تحفظ اور اس کے ساتھ ہم آہنگی سے رہنے کے بہتر طریقے سیکھیں گے۔ اس اہم کوشش کا آغاز کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) اور ہماری NYS کی مقننہ کا بے حد شکریہ۔"

ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کی سپروائزر Kathee Burke-Gonzalez (کیتھی برک گونزیلز) نے کہا، "وہیل مچھلیوں کو اپنے ساحلوں کے قریب سطح آب سے اوپر اچھلتے کودتے دیکھنا ایک غیرمعمولی تجربہ ہے۔ یہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہم کس قدر خوش قسمت ہیں کہ ہم ایسٹ ہیمپٹن کو اپنا گھر کہتے ہیں، نیز جن پانیوں کو ہم سب مشترکہ طور پر استعمال کرتے ہیں، ان کی دیکھ بھال کرنا کتنا اہم ہے۔ نیو یارک وہیل آگاہی ایکٹ کشتی چلانے والوں کو عملی معلومات فراہم کرے گا تاکہ سمندری ممالیہ جانوروں کے تحفظ میں مدد ملے اور پانیوں میں خطرناک مڈبھیڑ سے بچا جا سکے۔ بذریعہ دستخط اسے قانون کا درجہ دینے پر ہم گورنر Hochul (ہوکل) کے، نیز سینیٹر Pete Harckham (پیٹ ہارکہیم)، رکن اسمبلی Rebecca Kassay (ربیکا کیسے)، سینیٹر Anthony Palumbo (اینتھونی پلمبو) اور رکن اسمبلی Tommy John Schiavoni (ٹومی جان اسکیاوونی) جنہوں نے اس معاملے کو آگے بڑھانے کے لیے کام کیا، ان کے شکرگزار ہیں۔

عوامی مہم برائے ماحولیات (Citizens Campaign for the Environment) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Adrienne Esposito (ایڈرینن ایسپوسیٹو) نے کہا، "وہیل مچھلیاں ہمارے سیارے پر پائے جانے والے سب سے بڑے، انتہائی شاندار سمندری ممالیہ جانوروں میں سے ایک ہیں، جو کہ یہاں ہمارے نیو یارک کے ساحلوں پر موجود ہیں۔ نیو یارک میں سمندروں کے تحفظ کی کوششوں نے ہمارے پانیوں میں وہیل مچھلیوں کی آبادی میں اضافے میں کردار ادا کیا ہے اور وہیل مچھلیاں یہاں زیادہ طویل وقت کے لیے قیام کر رہی ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ وہیل مچھلیوں کی اموات کی سب سے عام وجہ جہازوں سے تصادم ہے۔ کشتی چلانے والوں کی تعلیم تصادم اور ہراسانی میں کمی لانے، نیز وہیلز کی آبادیوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے۔ یہ تعلیمی بل یہ یقینی بنانے کے لیے بے حد ضروری ہے کہ کشتی چلانے والے یہ سمجھتے ہوں کہ اگر انہیں کوئی وہیل دکھائی دے تو محفوظ طریقے سے کیا ردعمل ظاہر کرنا ہے۔ انہیں ان کی اچھی سی تصویر لینے کے لیے تیزرفتاری کے ساتھ ان کی جانب نہیں بڑھنا چاہیئے، اس کی بجائے ان سے دور رہنا چاہیئے یا انجن بند کر دینا چاہیئے تاکہ پروپیلر سے اس ممالیہ جانور کو نقصان نہ پہنچے۔ درحقیقت، اس دل موہ لینے والی مخلوق سے قریب ہونے کے چکر میں ہمارا جوش و ولولہ انہیں بھی نقصان پہنچا سکتا ہے اور ہمیں بھی نقصان پہنچا سکتا ہے! گورنر Hochul (ہوکل) ہمارے پانیوں بشمول ہمارے سمندر کے تحفظ اور بحالی کے لیے ایک پُرعزم حامی رہی ہیں۔ اس بل پر دستخط کرنے، نیو یارک میں پائی جانے والی وہیل مچھلیوں کی انواع اور کشتی چلانے والوں کا تحفظ کرنے پر ہم گورنر Hochul (ہوکل) کو سراہتے ہیں۔"

دی نیچر کنزورینسی نیو یارک اوشیئنز اینڈ فشریز (The Nature Conservancy New York Oceans and Fisheries) کے ڈائریکٹر Carl LoBue (کارل لوبو) نے کہا، "نیچر کنزوروینسی اس قانون کے نفاذ پر گورنر Hochul (ہوکل) کو سراہتی ہے جو کہ کشتی چلانے والوں کو سمندر میں محفوظ طور پر کشتی چلانے اور اپنے مسافروں اور ان شاندار وہیل مچھلیوں دونوں کا تحفظ کرنے میں مدد دے گا، جن کے ساتھ ہم اپنے پانیوں کا اشتراک کرتے ہیں۔ دہائیوں سے جاری تحفظ کی کوششوں کی بدولت، نیو یارک کے ساحلی پانی وہیل مچھلیوں سمیت سمندری حیات سے بھرپور ہیں۔ لیکن اسی واپسی کے ساتھ اضافی ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے۔ لوگوں اور جنگلی حیات کے لیے سمندری تحفظ میں بہتری لانے پر، ہم گورنر Hochul (ہوکل)، ریاستی مقننہ اور اپنی ریاستی ایجنسیوں کے مشکور ہیں۔"

سیرا کلب اٹلانٹک چیپٹر میں کنزرویشن اسٹاف بائیولوجسٹ Elizabeth Ahearn (الزبتھ اہرن) نے کہا، "تعلیم ہمارے ساحلی پانیوں میں محفوظ اور ذمہ دارانہ کشتی رانی کو فروغ دینے کے لیے ہمارے پاس موجود تحفظ کے مؤثر ترین ذرائع میں سے ایک ہے۔ وہیل آگاہی ایکٹ کشتی چلانے والوں کو عملی، سائنس پر مبنی تعلیم فراہم کرے گا تاکہ کشتیوں کے ٹکرانے اور سمندری ممالیہ جانوروں کے ساتھ نقصان دہ تعاملات سے گریز میں مدد ملے۔ یہ قانون

سازی نیو یارک کو اس قابل کرے گی کہ وہ ریاست کی شاندار ترین سمندری جنگلی حیات میں سے کچھ کی حفاظت میں ایک بامعنی کردار ادا کرے، سمندری تحفظ میں اضافہ کرے، ذمہ داری کے عمل کو تقویت دے اور ہمارے سمندروں کی مجموعی صحت میں حصہ ڈالے۔ عوامی تعلیم کو فروغ دیتے ہوئے، وہیل آگاہی ایکٹ ایک ایسے مستقبل کی تعمیر میں مدد دے گا کہ جس میں لوگ اور وہیلز نیو یارک کے پانیوں میں بحفاظت ساتھ رہ سکیں۔"

کنسرنڈ سٹیزنز آف مونٹاک (Concerned Citizens of Montauk) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Kay Tyler (کے ٹیلر) نے کہا، "وہیلز ہمارے سمندری ماحولیاتی نظام کا ایک بنیادی جزو ہیں اور ہمارے ساحلی پانیوں کی زرخیزی اور پائیداری کی ایک طاقتور یاددہانی بھی ہیں۔ مونٹاک جہاں وہیل مچھلیاں دکھائی دینا ہماری کمیونٹی تشخص کا ایک خاص حصہ بن چکا ہے، ہم ان جسیم جانوروں کے تحفظ کی ایک مشترکہ ذمہ داری رکھتے ہیں۔ وہیل آگاہی ایکٹ یہ تسلیم کرتا ہے کہ تحفظ کا آغاز تعلیم کے ساتھ ہوتا ہے اور یہ کہ باخبر کشتی چلانے والے نقصان کو کم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کر سکتے ہیں اور یہ یقینی بنانے میں مدد دے سکتے ہیں کہ یہ علامتی جاندار نیو یارک کے پانیوں میں پھلنے پھولنے کا سلسلہ جاری رکھیں۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) اور مقننہ کے شکرگزار ہیں کہ جنہوں نے اس دو جماعتی کوشش کو آگے بڑھایا تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے ہماری سمندری جنگلی حیات کا تحفظ کیا جا سکے۔"

مونٹاک چیمبر آف کامرس کے صدر Leo Daunt (لیو ڈانٹ) نے کہا، "مونٹاک کی شناخت، معیشت اور طرزِ زندگی ہمیشہ سے ہی سمندر کے ساتھ جڑا رہا ہے۔ نیو یارک میں ماہی گیری اور وہیل مچھلیوں کے نظارے کے لیے ممتاز کمیونٹیز میں سے ایک ہونے کے ناطے، ہم اپنے پانیوں میں سمندری حیات کی شاندار بحالی اور اس کے تحفظ کے لیے ہم پر عائد ذمہ داری دونوں کا براہ راست مشاہدہ کر رہے ہیں۔ مونٹاک چیمبر آف کامرس نیو یارک وہیل آگاہی ایکٹ اور اس کی اس توجہ کی بھرپور حمایت کرتا ہے کہ کشتی چلانے والوں، مچھیروں، سیاحوں اور رہائشیوں کو سمندری ممالیہ جانوروں کے ساتھ پانی میں بحفاظت رہنے کے لیے درکار معلومات فراہم کی جائیں۔ ہماری وہیل مچھلیوں اور ہمارے پانیوں کا تحفظ یہ یقینی بناتا ہے کہ مستقبل کی نسلیں ان چیزوں میں سے ایک کا تجربہ کرنا جاری رکھ سکیں جو مونٹاک کو اتنی خاص جگہ بناتی ہیں۔"

مونٹاک کی تاریخی سوسائٹی (Montauk Historical Society) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Mia Certic (میا سرٹیک) نے کہا، "ہم گورنر Hochul (ہوکل) کے بے حد مشکور ہیں کہ انہوں نے ایسے بل پر دستخط کیے جو ہمارے پانیوں کو سمندری جہاز رانی کرنے والوں اور سمندری ممالیہ جانوروں، دونوں کے لیے زیادہ محفوظ بنائے گا، اور ہمیں یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے اس پر مونٹاک پوائنٹ لائٹ ہاؤس میں دستخط کیے ہیں۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔